فوری ریلیز کے لیے: 17/11/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے GROW-NY غذائی و زرعی کاروباری مقابلے کے چوتھے دور کے فاتحین کا اعلان

آسٹریلوی فرم ProAgni کو $1 ملین کے سب سے بڑے انعام سے نوازا گیا

سیراکیوز میں دو روزہ ذاتی موجودگی والے اور مجازی پچ مقابلے کے بعد آٹھ نئے کاروباری اداروں کو $3 ملین کی انعامی رقم سے نوازا گیا

مقابلے کے لیے فنڈنگ شمالی ریاست کے احیائے نو کی پہل کاریاں: CNY رائزنگ، فنگر لیکس فارورڈ اور سدرن ٹائر سوئرنگ کے ذریعے فراہم کی گئی – علاقے کی جامع اقتصادی ترقی کی حکمتِ عملیاں

جیتنے والی ٹیم کی تصویر یہاں دیکھیں۔

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ لیونگٹن، آسٹریلیا کی ProAgni کو Grow-NY کاروباری مقابلے کے لیے $1 ملین کے سب سے بڑے انعام کا فاتح قرار دیا گیا ہے، یہ غذائی اور زرعی نئے کاروباری اداروں کا ایک مقابلہ ہے جس کی توجہ وسطی نیو یارک، فنگر لیکس، اور سدرن ٹائر میں ابھرتے ہوئے خوراک، مشروبات، اور زراعت کے جدید گروہوں کو بہتر بنانے پر مرکوز ہے۔ اب اپنے چوتھے سال میں، پروگرام نے ایک بار پھر دنیا بھر سے غیر معمولی نئے اور موجودہ کاروباری طور پر باصلاحیت اداروں کو اپنی طرف راغب کیا ہے تاکہ وہ اپنے کاروبار کی ترقی کو تیز کرنے والے اور Grow-NY سمٹ میں دو روزہ پچ مقابلے (ایک مقابلہ جس میں نئے کاروباری حضرات اپنے کاروباری خیالات ایک پینل کے سامنے پیش کرتے ہیں) میں حصہ لے سکیں۔ ProAgni انعامی رقم گھر لے جانے والے آٹھ حتمی امیدواروں میں سے ایک تھی۔ جیتنے والی ٹیموں پر لازم ہے کہ وہ کم از کم ایک سال کے لیے وسطی نیو یارک، فنگر لیکس، یا سدرن ٹائر کے علاقوں میں کام کریں، جبکہ Grow-NY کو اپنے ادارے میں ایک چھوٹی سرمایہ کاری کا حصہ فراہم کریں۔ مقابلے، جس کا انتظام کارنیل یونیورسٹی کے مرکز برائے علاقائی اقتصادی ترقی کی جانب سے کیا جاتا ہے، کے لیے فنڈنگ ریاست کے شمالی ریاست کا احیائے نو پہل کاری کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، " آگے کی سوچ رکھنے والے ان تمام کاروباری اداروں کو مبارکباد جنہوں نے Grow-NY مقابلے کے چوتھے دور میں حصہ لیا۔ یہ مقابلہ ناصرف ان کمپنیوں کو اپنی اختراعات کو جاری رکھنے میں مدد دیتا ہے، بلکہ یہ دنیا بھر کی توجہ ہماری عالمی سطح پر مشہور خوراک اور زراعت کی صنعت کی طرف مبذول کروا کے ریاست نیو یارک کی علاقائی معیشتوں کی مزید مدد کرتا ہے۔ جیسا کہ نیو یارک ترقی یافتہ ہونا جاری رکھے ہوئے ہے، میں مستقبل کی ان تمام کوششوں کی منتظر ہوں جو آج کے فاتحین پوری ریاست نیو یارک میں کریں گے"۔

ProAgni کی ProTect مویشیوں کے لیے اضافی طاقت دینے کی ادویات (سپلیمنٹ) اور غذاؤں کی ایک انقلابی رینج ہے جو اینٹی بائیوٹکس کے استعمال کے بغیر بھیڑوں اور مویشیوں سے میتھین کے اخراج کو کم کرتی ہے، لاگت میں اضافہ کیے بغیر پیداواری کے ماحولیاتی اثرات کو کم کرتی ہے۔

ProAgni کے سی ای او اور شریک بانی Lachlan Campbell نے کہا، "ہمیں Grow-NY مقابلے کے فاتحین کی ناقابلِ یقین فہرست میں شامل ہونے کا اعزاز ملا ہے، اور ہم ریاست نیو یارک، Grow-NY، اور مرکزِ امتیاز برائے غذا و زراعت کے تعاون کے لیے شکر گزار ہیں۔ ہم شمالی نیو یارک میں میتھین کے اخراج کو کم کرنے کے لیے مویشیوں کے سپلیمنٹس اور فیڈز میں انقلاب لانے کے لیے اپنے مشن کو بڑھانے کے لیے پُرجوش ہیں اور انعامی رقم ہمیں اور بھی زیادہ اثر ڈالنے کے قابل بنائے گی۔ ہمیں پورے پروگرام میں ایک حیرت انگیز تجربہ ہوا، ہمارے سرپرست Brad Goulthrope کی جانب سے علاقائی شراکت داروں، جن سے ہم ملنے کے قابل تھے، کو فراہم کردہ رہنمائی اور رابطوں سے لے کر، ہمارے حریفوں تک، جن کے جدید کام اور پچز واقعی متاثر کن تھیں۔"

مجموعی طور پر، سنگاپور، آسٹریلیا، اور سری لنکا سمیت 52 ممالک سے 390 نئے کاروباری اداروں نے حصہ لیا تھا۔ امریکہ میں، 25 ریاستوں کی نمائندگی کی گئی، بشمول نیو یارک سے 92 اندراجات۔ 38 فیصد درخواست دہندگان میں ایک خاتون بانی اور ریکارڈ 75 فیصد اقلیتی گروپ سے تعلق رکھنے والے بانی شامل تھے۔ 20 حتمی امیدواروں کو بہت احتیاط سے منتخب کردہ علاقائی کاروباری مشیروں سے مخلص رہنمائی ملی جو مقابلے پر منتج ہوئی۔ فاتحین کے طور پر منتخب ہونے والے اب فوری طور پر ریاست نیو یارک میں اپنے کاروباری منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے کام کریں گے، بنائے گئے رابطوں اور مقابلے سے حاصل کردہ علاقائی معلومات سے مستفید ہوں گے۔

چوتھی سالانہ Grow-NY سمٹ کے لیے 1,200 سے زائد افراد نے اندراج کروایا تھا۔ 20 حتمی امیدواروں نے زراعت، خوراک کی پیداوار، اور وینچر ڈویلپمنٹ کی مہارت کی گہرائی اور وسعت کی عکاسی کرنے والے چھ ججوں کے پینل کو انتہائی متوقع کاروباری تجاویز دیں، جنہوں نے سرِ فہرست فاتحین کا تعین کرنے کے بارے میں غور و خوض کرنے سے پہلے ہر تجویز کو سنا اور چھان بین کرنے والے سوالات پوچھے۔ سمٹ کا اختتام ایوارڈز کی پیشکش کے ساتھ ہوا، جہاں 2021 کے Grow-NY مقابلے کے 1$ ملین کے سب سے بڑے انعام جیتنے والے ایوری باڈی ایٹ کے سی ای او اور شریک بانی Trish Thomas نے 250,000$ کے چار فاتحوں کا اعلان کیا اور کمشنر Richard Ball نے 500,000$ کے دو وصول کنندگان نیز 1$ ملین انعام یافتہ کا انکشاف کیا۔

محکمۂ زراعت اور مارکیٹس کے کمشنر Richard A. Ball نے کہا، "Grow-NY نیو یارک کی بہترین سالانہ روایات میں سے ایک بن گیا ہے، جو ریاست بھر میں بہت سے متنوع، اختراعی، دلچسپ زرعی اور غذائی کاروباروں کو سامنے لاتا ہے۔ میں Grow-NY مقابلے کی مسلسل کفالت کرنے پر گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس سال تمام جیتنے والوں اور شرکاء کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں آپ کو اپنے مقامی کسانوں کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ مستقبل کی ٹیکنالوجیوں اور روزگار کے مواقع پیدا کرتے ہوئے دیکھنے کا منتظر ہوں"۔

__دیگر فاتحین میں شامل تھے:__

500,000$ جیتنے والی: - Craft Cannery (برگن، نیو یارک) - Craft Cannery آپ کے باورچی خانے سے لے کر کریانے کی دکانوں، ریستورانوں، کسانوں کی مارکیٹوں اور اس سے آگے کی شیلفوں تک، چٹنیوں، ڈریسنگز، میرینیڈز وغیرہ کے ٹھیکے بنانے میں مہارت رکھتی ہے۔

500,000$ جیتنے والی: Hempitecture (کیچم ، ایڈاہو) - Hempitecture صحت مند، توانائی کی بچت کرنے والے تعمیراتی مواد بنانے کے مشن پر ہے جو کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کر کے اور زرعی زمین کو دوبارہ معمور کر کے لوگوں اور ہمارے سیارے پر مثبت اثر ڈالتا ہے۔ اس کی حیاتیات پر مبنی موصلیت تعمیراتی منصوبوں کو زیادہ پائیدار، صحت مند بناتی ہے اور اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتی ہے۔

250,000$ جیتنے والی: Labby، (کیمبرج، میساچوسٹس) - Labby کی ٹیکنالوجی ڈیری فارموں کے لیے تیز، درست، اور سستا حل فراہم کرتی ہے، کچے دودھ کی جانچ کے لیے مصنوعی ذہانت سے چلنے والی بصری سینسنگ کا فائدہ اٹھاتی ہے جو اہم اعداد و شمار فوری طور پر آپ کی انگلیوں تک پہنچاتی کرتی ہے۔

250,000$ جیتنے والی: Sweet Pea پودوں پر مبنی باورچی خانہ، (راچسٹر، نیو یارک) - Sweet Pea ایک پودوں سے چلنے والا باورچی خانہ ہے جو تندرستی کے لیے انقلابی راستے بنا رہا ہے، اپنے پودوں پر مرکوز کھانے

کی پیشکش اور غذائیت کی تعلیم دینے کے فوائد کو یکجا کرتا ہے تاکہ لوگوں کو ایک صحت مند زندگی کو برقرار رکھنے میں مدد مل سکے۔

$250,000 جیتنے والی: Vivid Machines، (ٹورانٹو، کینیڈا) - Vivid X-Vision نظام نمو کو منظم کرنے اور پیداوار کی پیشن گوئی کرنے اور فصلوں کے کیڑوں، بیماریوں، اور غذائی کمیوں کی جلد تشخیص کے ذرائع فراہم کرنے کے لیے پوری فصل میں کلیوں سے لے کر کٹائی تک ہر پودے کی نظر آنے والی اور کیمیائی تفصیلات حاصل کرتا ہے۔

$250,000 جیتنے والی: Zalliant، (ایمسٹرڈیم، نیو یارک) - Zalliant کی IoT اور مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجیاں بہتر فیصلہ سازی اور انتظام کے ذریعے کسانوں کو قدر اور کارکردگی فراہم کرتی ہیں۔

مقابلے میں سب سے زیادہ شاندار اور امید افزا تجویز رکھنے کے لیے عوام کی جانب سے ووٹ دیے جانے والے نئے کاروباری کے لیے "حاضرین کا انتخاب" ایوارڈ بھی پیش کیا گیا۔ اوڈیسا، نیو یارک، کی Seneca Farms Biochar نے انعامی رقم میں 10,000$ حاصل کیے جس کی کفالت Wegmans کی جانب سے کی گئی تھی۔

<u>Grow-NY کے جج درج ذیل معیارات پر ایوارڈ کے فیصلے کرتے ہیں:</u>

- نئے کاروباری ادارے کے کاروباری ماڈل کا قابلِ عمل ہونا
- نئے کاروباری ادارے کی ٹیم کا تنوع، معیار، تیاری، اور تکمیل
- وہ قدر جو نیا کاروباری ادارہ صارفین کو پیش کرتا ہے
- زرعی غذا کی اختراع جو نئے کاروباری ادارے نے ایجاد کی ہے

ملازمت میں اضافے اور مواقع کی صلاحیت جو نیا کاروباری ادارہ خطے میں لا سکتا ہے۔

Grow-NY کے ماضی کے فاتحین نے پیسہ اکٹھا کرنا، وسیع ہونا اور ترقی کرنا جاری رکھا ہے۔ RealEats، سال کے پہلے انعام یافتہ، نے 20$ ملین سے زیادہ اضافی فنڈز اکٹھے کیے ہیں اور GNC کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ انہوں نے حال ہی میں جنیوا، نیو یارک میں ایک 80,000 مربع فٹ پر پیداواری سہولت کھولی ہے، ایک اور سال جیتنے والی SoFresh نے کھانے کی نئی منڈیوں میں توسیع کر کے 3.3$ ملین کمائے ہیں۔ تین سال پہلے کے سب سے بڑے انعام یافتہ Every Body Eat نے ملک بھر میں خالص غذاؤں کے مارکیٹ سٹوروں میں اپنی جگہ بنائی ہے۔ دیگر فاتحین نے اپنے صارفین کی تعداد میں اضافہ کیا ہے، تزویراتی شراکت داریاں کی ہیں، اور فنڈنگ کو محفوظ کرنا جاری رکھا ہے۔

Grow-NY پروگرام کے ڈائریکٹر جین سمتھ نے کہا، "Grow-NY کے حتمی امیدواران اور فاتحین تمام محاذوں پر ہماری توقعات سے آگے نکلنا جاری رکھے ہوئے ہیں، اپنے منصوبوں کو بڑھانے کے لیے خطے کی طاقتوں کا کامیابی سے فائدہ اٹھا رہے ہیں، نوکریوں میں اضافہ کر رہے ہیں، سرمایہ کاری کو راغب کر رہے ہیں، اور عالمی زرعی رہنماء کے طور پر نیو یارک کے کردار کو مضبوط کر رہے ہیں۔ میں اس سال کے گروپ کو انتہائی پُرجوش مبارکباد پیش کرتا ہوں"۔

تمام جیتنے والوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ Grow-NY کے علاقے میں مثبت اقتصادی اثر ڈالنے کے لیے کام کریں، جو 22 کاؤنٹیوں پر مشتمل ہے جو کہ متحرک کھیتوں کی زمینوں، وافر میٹھے پانی، اور کئی ابھرتے ہوئے شہروں کے گھر کے طور پر کام کرتی ہیں، بشمول راچسٹر، سیراکیوز، اتھاکا، جینیوا اور بنگھیمٹن ۔ جیتنے والے کاروبار ملازمت کی ترقی کو فروغ دیں گے، مقامی صنعت کے شراکت داروں کے ساتھ جڑیں گے، اور ترقی پذیر معیشت میں اپنا حصہ ڈالیں گے۔

ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، " Grow-NYمقابلہ جیتنے والوں کو، اور ان تمام لوگوں کو مبارکباد جنہوں نے زراعت پر مبنی اس منفرد کاروباری مقابلے کے چوتھے مرحلے میں حصہ لیا۔ Grow-NY کی معاونت کرنے پر مجھے ریاست نیو یارک کے کردار پر فخر ہے، کیونکہ یہ نئے کاروباری

ادارے ماحولیاتی نظام کی تعمیر جاری رکھے ہوئے ہیں اور فنگر لیکس، وسطی اور سدرن ٹیئر کے علاقوں کے امیر کاشتکاری اور زرعی علاقوں میں اختراعی اقتصادی ترقی کو فروغ دے رہے ہیں"۔

سینٹرل نیو یارک ریجنل اکنامک ڈویلپمنٹ کونسل کی شریک چیئرز Randy Wolken، سینٹرل نیو یارک کی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کی صدر اور سی ای او اور لی موئن کالج کی صدر ڈاکٹر Linda LeMura نے کہا، "ہمیں آج کے تمام جیتنے والوں کو بہت بہت مبارکباد پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔ وہ تمام لوگ جو اس سال سیراکیوز شہر کے مرکز میں منعقد ہونے والے Grow-NY مقابلے کے دور چار کا حصہ تھے۔ ریاست نیو یارک زراعت اور خوراک کی صنعتوں میں بے مثال ترقی کا تجربہ کر رہی ہے۔ Grow-NY مقابلہ ہمارے علاقے میں ایک اور دلچسپ سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتا ہے جو علاقائی ملازمتوں کی نمو کو مزید تقویت بخشے گا اور پورے وسطی نیو یارک میں ہمارے زرعی اڈے کو مزید تقویت دے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ خطے میں اضافہ جاری رہے"۔

فنگر لیکس ریجنل اکنامک ڈویلپمنٹ کے شریک چیئرز Bob Duffy، صدر اور سی ای او، گریٹر راچسٹر چیمبر آف کامرس اور ڈاکٹر SUNY ، Denise Battlesکے صدر Genese نے کہا، "ہمیں ان تمام لوگوں پر ناقابلِ یقین حد تک فخر ہے جنہوں نے اس اختراعی مقابلے کے چوتھے دور میں حصہ لیا۔ علاقائی کونسل ریاست کی زرعی اور غذائی صنعتوں کو بڑھانے پر پوری طرح مرکوز ہے۔ Grow-NY مقابلے میں ہماری مسلسل سرمایہ کاری مقامی صنعت کے شراکت داروں کو ان کاروباریوں کے جدید خیالات سے جوڑنے کے لیے کام کر رہی ہے، اور ایک فروغ پزیر علاقائی معیشت بنانے کے لیے ہمارے کثیر الجہت نقطۂ نظر کی مزید حمایت کر رہی ہے"۔

سدرن ٹائر ریجنل اکنامک ڈویلپمنٹ کونسل کے شریک چیئرز Judy McKinney Cherry، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر، Schuyler کاؤنٹی پارٹنرشپ فار اکنامک ڈیولپمنٹ اور بروم کمیونٹی کالج کے صدر ڈاکٹر Kevin Drumm نے کہا، "ہم جیتنے والی ٹیموں اور دور چار کے تمام Grow-NY حریفوں کو خلوصِ دل سے مبارکباد پیش کرنا چاہیں گے۔ اختراع اور کاروباری آغاز ہمارے معاشی مستقبل کی کلید ہیں۔ نیویارک کی زرعی صنعت دنیا میں سب سے زیادہ متنوع اور باوقار صنعتوں میں سے ایک ہے، اور یہ پہل کاری نیویارک کو دوسری ریاستوں سے ممتاز کرتی ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے خطوں کی مسلسل اقتصادی کامیابیوں میں اضافہ کر رہی ہے"۔

Grow-NY مقابلے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے https://www.grow-ny.com ملاحظہ کریں۔

کورنیل یونیورسٹی کے سینٹر فار ریجنل اکنامک ایڈوانسمنٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں: https://crea.cornell.edu۔

فنگر لیکس فارورڈ کی رفتار تیز کرنا

آج کا اعلان "فنگر لیکس فارورڈ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط معاشی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی کے لیے خطے کا جامع خاکہ ہے۔ خطہ جاتی سطح پر ڈیزائن کردہ منصوبہ اہم صنعتوں بشمول فوٹونکس، زراعت و غذائی پیداوار، اور جدید مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ اب، یہ خطہ ریاستی کے شمالی علاقے کی حیاتِ نو پہل کاری (Upstate Revitalization Initiative) کے ذریعے 500$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ فنگر لیکس فارورڈ کو تیز کر رہا ہے۔ ریاست کی 500$ ملین کی سرمایہ کاری نجی کاروبار کو 2.5$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کے لیے ترغیب دے گی - اور خطے کے منصوبے، جیسا کہ پیش کیا گیا ہے، سے 8,200 تک نئی ملازمتوں کی توقع ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

CNY رائزنگ کی رفتار تیز کرنا

آج کا اعلان "CNY رائزنگ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط اقتصادی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی پیدا کرنے کے لیے خطے کے جامع خاکہ ہے۔ علاقے کے اعتبار سے تشکیل دیئے گئے اس منصوبے میں عالمی مارکیٹ کے مواقع میں سرمایہ کاری کرنے، انٹرپرینیور شپ کو مضبوط بنانے اور ایک جامع معیشت قائم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی

ہے۔ اب، علاقے میں 500$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ شمالی بالائی علاقے کی احیائے نو کے اقدام کے ذریعے CNY رائزنگ کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ریاست کی 500$ ملین کی سرمایہ کاری نجی کاروبار کو سہولت دے گی تاکہ 2.5$ بلین سے خاصی زیادہ سرمایہ کاری کی جائے - اور علاقے کا منصوبہ، جیسے کہ جمع کروایا گیا ہے، 5,900 نئی ملازمتوں تک کا امکان ظاہر کرتا ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔

سدرن ٹئیر سورنگ کی رفتار تیز کرنا

آج کا اعلان "سدرن ٹیئر سورنگ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط اقتصادی ترقی اور علاقائی ترقی کے لیے خطے کا جامع نقشہ ہے۔ علاقائی طور پر ڈیزائن کردہ منصوبہ باصلاحیت افرادی قوت کو راغب کرنے، بڑھتے ہوئے کاروبار اور جدت طرازی پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ اب، یہ خطہ ریاستی کے شمالی علاقے کی حیاتِ نو پہل کاری (Upstate Revitalization Initiative) کے ذریعے 500$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ سدرن ٹائر سورنگ کو تیز کر رہا ہے۔ ریاست کی 500$ ملین کی سرمایہ کاری نجی کاروبار کو مراعات دے گی تاکہ 2.5$ بلین سے اوپر کی سرمایہ کاری کی جائے - اور خطے کا منصوبہ، جیسا کہ بیان کیا گیا ہے، 10,200 نئی ملازمتوں کے پروجیکٹس بنائے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) نیو یارک کی معاشی ترقی کی سربراہ ایجنسی ہے (www.esd.ny.gov)۔ ESD کا مشن یہ ہے کہ ایک مضبوط اور پھلنے پھولنے والی معیشت کو فروغ دیا جائے، نئی نوکریاں اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کے لئے ریوینیوز کو بڑھایا جائے، اور مستحکم اور متنوع مقامی اقتصادیات حاصل کی جائیں۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD ایک بنیادی انتظامی ایجنسی بھی ہے جو علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلوں کی نگرانی کرتی ہے اور ریاست کے مشہور سیاحتی برانڈ "I LOVE NEW YORK" کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ علاقائی کونسلوں اور ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418